سوال

(112) مسلمانوں پر حضور اقدس کے ابتدائی احکام واعمال کا اتباع لازمی ہے یا..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعد حضور مسلمانوں پر حضور اقدس کے ابتدائی احکام واعمال کا اتباع لازمی ہے۔ یا حضور کے آخری حصہ عمر کے احکام واعمال کا اور ناسخ ومنسوخ کا ان میں کیا تعلق ہے۔ (سائل مذکور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ ﷺ کا ہر فعل قابل اتباع ہے۔ جہاں دو عملوں میں ایسا اتفاق ہو کہ موافقت نہ ہوسکے۔ وہاں آخری فعل پر عمل ہوتا ہے۔ پہلے کو متروک یا منسوخ کہتے ہیں۔ لیکن یہ شرط ضروری ہے کہ ان دونوں فعلوں میں نفی واثبات ایسی ہوں کہ ان میں موافقت نہ ہوسکے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص81

محدث فتویٰ